© rasailojaraid.com



ضبط و ترتیب
سمیع الحق

از افادات حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ

# خدمتِ علمِ حدیث کے برکات

پچھلے تعلیمی سال کے اختتام پر ختم بخاری شریف کی تقریب منعقدہ شعبان ۱۴۰۴ھ میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے ارشادات کے اہم حصے نذر قارئین ہیں۔

حضرت بلالؓ امیہ کے غلام ہیں۔ ابوبکر صدیقؓ راستہ پر گذر رہے تھے کہ ان کی فریاد سنی۔ تو امیہ کے پاس گئے
کہا ظالم! تیرا غلام بلالؓ تو ہر حکم بجا لاتا ہے، اپنے فرائض ادا کرتا ہے تو تجھے کیا تکلیف ہے کہ اگر اس نے اپنا
ب بجائے شرک کے توحید اپنا لیا تو تیرا کیا نقصان ہوتا ہے۔

خیر، امیہ بد قسمت تھا۔ جنگ بدر میں مقتول اور مردار ہوا۔ تو اس نے ابوبکرؓ سے کہا کہ تم بڑے رحمدل بنے
تے ہو اگر اتنے رحمدل ہو تو اس غلام کو تم خرید کیوں نہیں لیتے۔ حضرت ابوبکرؓ تو خدا سے مانگ رہا تھا۔ کہا، بہت
اں قیمتاً اسے خریدنا ہوں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ایک منشی تھے جو روم سے آئے تھے نسطاس نام ہے
اب کتاب میں ماہر تھے۔ جب کہ ماہرین حساب کتاب اس وقت کم تھے گویا بہت ہی قیمتی تھے۔ امیہ کی زبان سے نکلا
سطاس غلام مجھے دے دو اور بلال لے لو۔ کہا، مجھے منظور ہے۔ نسطاس نام غلام امیہ کو دے دیا کہ واللہ اعلم
قیمت کا ہوگا۔ اور اس کے بدلے حضرت بلال کو لے آتے۔ امیہ ہنستا رہا کہ ابوبکر! ہم تو تمہیں عربوں اور خاص کر مکہ
بڑا عقلمند سمجھتے تھے مگر آج معلوم ہوا کہ تم بڑے ناسمجھ ہو۔ اور کہا کہ یہ بلال تو سوائے چوکیداری کے کسی کام
ہیں۔ نہ صنعت نہ حرفت نہ کوئی اور۔ زیادہ سے زیادہ چوکیداری کر سکے گا۔ تم نے اس کے بدلے ایک حساب دان
ب ماہر مجھے دے دیا۔ اور اس کے بدلے کیا لیا۔

حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ اس کے بدلے اگر تم اسی غلام بھی مانگتے تب بھی میں اسے قبول کر لیتا اور فرض کریں کہ
ن کی بادشاہت میرے پاس ہوتی اور تم مانگ لیتے تب بھی اسے چھوڑ کر بلالؓ کو لے آتا۔

بہرحال حضرت بلالؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا کہ آپ نے بڑی مہربانی کی کہ مجھے ایک ظالم شخص سے رہا کر دیا
۔ اگر اللہ کی بندگی کے لئے مجھے خریدا ہے تو عبادت کے لئے مجھے فارغ کر دیجئے۔ اور اگر اپنی خدمت کے لئے
ل کیا ہے تب بھی میں خوشی سے خدمت بجا لاتا رہوں گا۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ اعتقتک للہ بڑی خوشی
آزاد کر دیا۔

حضرت بلالؓ نے عہد کیا کہ اب ساری زندگی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اور ان کی سنت کی پیروی



© rasailojaraid.com

